© rasailojaraid.com

تشریف لائے۔آپ مشہور شاعر خوشحال خان خٹک کے حوالہ سے تحقیق کررہے ہیں اسی ضمن میں دارالعلوم حقانیہ بھی آپ لائے اور مختلف شعبہ جات کا مطالعہ کیا۔

**دارالعلوم کے مخلص جناب ڈاکٹر کرنل مختار کے بڑے بھائی کی وفات:** بین الاقوامی شہرت کے حامل جناب ڈاکٹر کرنل مختار کے بڑے بھائی سید صفدر شاہ بخاری طویل علالت کے بعد راولپنڈی میں بروز منگل ۲۸ر اکتوبر ۲۰۰۸ء کو انتقال فرما گئے۔مرحوم کی تعزیت کے سلسلے میں حضرت مہتمم صاحب مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ' جناب اظہار الحق' مولانا راشد الحق' مولانا یوسف شاہ' جناب الحاج دلاور خان اور جناب طارق خان صاحبان انکی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔دارالعلوم میں مرحوم کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی گئی۔قارئین سے انکے رفع درجات کیلئے دعاؤں کی اپیل ہے۔

**قدیم فاضل حقانیہ مولانا حافظ ختام الحق صاحب کا سانحہ ارتحال:** جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے نامور فاضل مولانا قاری محمد عمر علی مدنی (مہتمم جامعہ تحسین القرآن) کے سسر مشہور عالم دین مولانا ختام الحق صاحب گزشتہ مہینے بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔مرحوم ابتداء سے لے کر تاحین وفات جامعہ تحسین القرآن کے سرپرست رہے۔آپ کافی عرصہ دارالعلوم کے شیر بھی رہے۔آپ ایک جید مدرس اور بہترین خطیب بھی تھے۔آپ کی نماز جنازہ میں دارالعلوم حقانیہ کے نائب مہتمم مولانا حافظ انوار الحق صاحب مدظلہ اور دارالعلوم کے شیخ الحدیث مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب مدنی اور دیگر اساتذہ کرام وطلبہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔آپکے باقیات صالحات میں جملہ صاحبزادگان جناب فیاض الحق' مولانا احتشام الحق' مولانا فہیم الحق' مولانا سلیم الحق صاحبان شامل ہیں۔جو مختلف مدارس میں درس وتدریس کی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ادارہ حضرت قاری محمد عمر علی صاحب اور ان کے پسماندگان کیساتھ دلی تعزیت کرتا ہے۔

بروز پیر ۲۷ر اکتوبر تخصص فی الفقہ کے سال دوم طالبعلم مولانا ہدایت اللہ' دارالعلوم سے جاتے ہوئے ٹریفک حادثہ میں شہید ہو گئے۔مرحوم انتہائی عابد وزاہد اور صوفی منش انسان تھے۔دارالعلوم کے اساتذہ اور طلباء نے اس شہید علم کے جنازہ میں بڑی تعداد میں شرکت کی۔

**ممتاز عالم دین شیخ القرآن حضرت مولانا محمد رفیق کی وفات:**
دارالعلوم حقانیہ کے قدیم اور اولین فضلاء میں سے جناب شیخ القرآن حضرت مولانا محمد رفیق صاحب گزشتہ دنوں خالق حقیقی سے جا ملے۔آپکی عمر اسی سال تھی۔آپ نے ۱۹۵۴ء میں شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق سے حدیث پڑھی۔ ۱۹۵۵ء میں آپ نے شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ سے دورۂ تفسیر فرمایا۔حضرت لاہوریؒ کی کتاب (علماء حق کی مودودی سے ناراضگی کے اسباب) پر آپ نے تقریظ بھی لکھی' مرحوم نہایت ہی پاکباز اور بڑے عابد وزاہد شخصیت تھے۔ادارہ آپکے تمام صاحبزادگان' پسماندگان اور خصوصاً دارالعلوم کے طالب محمد قاسم سے دلی تعزیت کرتا ہے۔

**دعائے صحت کی اپیل:** دارالعلوم کے سابق صدر المدرسین' متکلم عصر حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب قدس سرہ کی اہلیہ محترمہ اور دارالعلوم کے مدرس حضرت مولانا محمد ابراہیم فانی صاحب کی والدہ محترمہ ان دنوں شدید بیمار ہیں' تمام قارئین الحق' علماء وفضلاء اور طلباء سے ان کیلئے دعائے صحت کی خصوصی اپیل کی جاتی ہے۔

© rasailojaraid.com